اس غیر مسلم معاشرے میں مسلمانوں کا یہ اجتماع اور ان کا جذبہ جوش و خروش اسلام کے خوش آئند مستقبل کا آئینہ دار تھا جو کچھ کا سا سماں پیش کرتا تھا۔ اس کے لیئے ایم۔ ایس۔ اے کے منتظمین قابل مبارکباد ہیں۔

اقوام متحدہ جنوبی ایشیا کو ایٹمی اسلحہ سے پاک علاقہ قرار دے: پاکستان کی تجویز

نیویارک۔ ۲۰ اگست (اے پی) پاکستان نے مطالبہ کیا ہے کہ جنوبی ایشیا کو ایٹمی اسلحہ سے پاک علاقہ قرار دیا جائے۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کے سیکریٹری مسٹر آغا شاہی نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے نام ایک خط لکھا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ جنرل اسمبلی کے ۱۷ ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں منعقد ہونے والے ایجنڈے میں پاکستان کی یہ تجویز بھی شامل کی جائے کہ "جنوبی ایشیاء کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک علاقہ قرار دیا جائے"۔ جنرل اسمبلی کے ۱۷ ستمبر کے اجلاس کا ایجنڈا مرتب کرنے کے لئے ۱۸ اگست آخری تاریخ تھی جبکہ پاکستان کے سیکریٹری خارجہ کا یہ خط ۱۹ اگست کو موصول ہوگیا۔ مقررہ تاریخ کے بعد ایجنڈے کے بارے میں موصول شدہ تجاویز کو ایجنڈے میں شامل کرنے میں کافی دقت پیش آتی ہے۔

—

سولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی سے ایک انٹرویو

(یہ انٹرویو ٹورانٹو کے پاکستانی ریڈیو پروگرام "ملن" کی پروڈیوسر صبیح الدین نے مقبرے ۱۷ جولائی کو ریکارڈ کیا تھا)

صبیح الدین: ہمارا پروگرام "ملن" سننے والوں کی یہ دلی تمنا ہے کہ ان ممالک میں رہتے ہوئے کس طرح قرآن و حدیث کی روشنی میں اسلامی طرز کی زندگی گزار سکتے ہیں۔ یہ آپ سے معلوم کریں۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ ہمارے سننے والوں کی یہ خواہش ضرور پوری کریں گے۔ سب سے پہلا سوال میں آپ سے یہ کرنا چاہوں گا کہ "جھٹکا گوشت" کے کیا معنی ہیں اور "حلال گوشت" اور "جھٹکا گوشت" میں کیا فرق ہے؟

مولانا: "جھٹکا" سے مراد یہ ہے کہ ایک ہی وار میں سر کو جسم سے الگ کر دیا جائے۔ اس طرح خون جسم سے پوری طرح خارج نہیں ہو سکتا ... اس لیے شریعت نے اس کو حرام قرار دیا ہے ...

مولانا: ہماری جماعت تبلیغی مشن ... EXCHANGE ...

صبیح الدین: آپ کی تصنیف "تفہیم القرآن" ...

مولانا: "تفہیم القرآن" میں نے اس لیے لکھی ہے کہ ایک آدمی قرآن مجید کو اس کی صحیح ... سے سمجھ سکے ...



ہمارے مشاہیر

مرزا اسد اللہ

محمد واصف اللہ لیس تابی

حال ہی میں ہمارے عظیم شاعر مرزا اسد اللہ خاں غالب کی برسی منائی گئی ہے۔ مرزا غالب اپنی زندگی میں اردو کی بجائے فارسی کے بے نظیر شاعر ... سمجھے جاتے تھے لیکن وقت نے ثابت کیا ... اب اکثر لوگ ... غالب اگر ... نہیں تو ... عظیم اور بہترین شاعر ہیں ...

غالب نے نثر و خطوط نویسی میں نیا طریقہ اختیار کیا۔ انہوں نے پیچیدہ القابات کو ترک کیا ... آپ کے خطوط کے دو مجموعے "اردوئے معلیٰ" اور "عود ہندی" کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔

حکایتِ رومی

اپنی حیثیت کا عرفان



انسان کی حیثیت سے ہر کمزوری ہی ہے اور کچھ نہ ہونے کے باوجود اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھتا ہے ... مولانا روم کی یہ حکایت انسان کی اسی کمزوری کے باعث ... پیش کرتی ہے ...

ایک چوہے کے ہاتھ اونٹ کی نکیل لگ گئی۔ وہ بڑی شان و شوکت سے کھینچتا چلا ... اونٹ ...

بہنوں کی محفل

فرمانبردار

[illegible]

اس وقت کی بات ہے جب شاید وہ بیس برس کا کڑیل جوان تھا۔ وہ سارا دن اپنے کھیتوں پر کام کرتا اور رات کو اونچی سی پہاڑی پر جا کر سوز سے گیت گایا کرتا۔ گاتے گاتے وہ ایک چاند بن جاتا اور تھکی تھکی کرنوں کو جیسے اپنی چاندنی کو تلاش کرتا۔ ایک دن یہ چاندنی اس کو اپنے ہی چشمے کے کنارے پانی بھرتی ہوئی مل گئی۔

"ارے تو کون ہے؟"

اس نے ایک جھکی ہوئی لڑکی کی طرف دیکھ کر کہا جو راستہ روک کر نہ جانے زمین پر کس شے کو اتنے انہماک سے دیکھ رہی تھی۔

"اوئی" — لڑکی ایک دم چونک کر مڑی۔ اس کے مڑنے سے پیشتر اس کی سیاہ ناگن جیسی چوٹی نے سیکڑوں بل کھائے اور جب اس نے مڑ کر اپنے سامنے ایک گبرو کو دیکھا تو سٹپٹا گئی۔

"تجھے کیا، میں جو بھی ہوں" — اور کوئی جواب اس سے بن نہ پڑا اور مٹکا اٹھا کر اپنے سر پر رکھ کر ڈھلوان پر سے نیچے اترنے لگی۔ نیچے جانے کے لئے بڑا تنگ راستہ بنا ہوا تھا۔ اس کے ایک طرف بڑی خوفناک اور گہری کھڈ تھی، مگر وہ سر پر مٹکا رکھے اپنے ننگے پاؤں اس خوبصورتی سے اس تنگ سی رہگذر پر چل رہی تھی کہ زمان وارفتگی کے عالم میں کھڑا اس کو دیکھتا رہا — "ارے اری —" اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا اس کی سہیلی آمنہ کھڑی ہوئی تھی۔

"کیوں اس کو اتنے غور سے دیکھ رہا ہے؟"

"کس کو؟" زمان کھسیانا ہو کر بڑبڑایا۔

"اسی کو، وہ جو مٹکا اٹھائے آگے جا رہی ہے؟" آمنہ نے دانت نکالتے ہوئے کہا۔

"میں کیوں کسی کو دیکھوں؟" وہ واپس جانے کے لئے مڑا۔

"اچھا چور پکڑا گیا ہے اس لئے — میں اس کو جانتی ہوں اچھی طرح سے — یہ عیشو ہے، عائشہ — عبدالرحمٰن کی لڑکی — اور اور ایک اور بات بھی جانتی ہوں —"

"کیا بات؟" زمان کے قدم خودبخود رک گئے۔

آمنہ بڑی بے نیازی سے چشمے پر سے مٹکا بھرتی رہی۔ جب اس نے سر اٹھا کر دیکھا، زمان ابھی تک اپنی جگہ پر کھڑا تھا۔

"ہائے اللہ تم کھڑے ہو، میں نے سمجھا بھی چلے گئے ہوں گے۔"

"اچھا اب باتیں بنانا ہے تو مٹکا اٹھا کر نیچے کھڈ میں گرا دوں گا۔"

"بتاتی ہوں، بتاتی ہوں۔" آمنہ نے ڈر کر بھاگتے ہوئے کہا۔

"چاچا اس کے ساتھ تیری بات لگا رہا ہے۔"

"ہائیں —" زمان کو اپنے کانوں پر اعتبار نہ آیا۔

"کیا — سلطان کی قسم کھا۔" زمان نے جان بوجھ کر اسے اپنے بڑے بھائی کی قسم دی، جس کے ساتھ چند مہینوں میں اس کی شادی ہونے والی تھی۔

"لے تجھے میری بات کا اعتبار نہیں — اگر یہ بات جھوٹ ہوئی تو بے شک مجھے چوٹی سے پکڑ کر پہاڑی سے نیچے گرا دینا۔"

"لا میں تیرا مٹکا اٹھوا دوں۔"

"کس خوشی میں؟" آمنہ نے معنی خیز تبسم سے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔

"اچھا تو میں [illegible]"

مگر آمنہ اونچی پگڈنڈی پر [illegible] گم ہو گئی تھی۔

"عیشو — عیشو —" اب ہر وقت اس کے [illegible] یہ نام گونجتا رہتا۔

کچھ دنوں بعد [illegible] اگلے مہینے آمنہ اور سلطان کی شادی کے ساتھ ہی ان کی بات ٹھہرائی تھی۔

"اری آمنہ — ایک بار مجھے عیشو سے ملا دے [illegible]"

[illegible] "ہم دونوں ایک ہی بار تمام باتیں کر لیں"

"پر تو مجھے ایک بار ملا دے نا"

"بڑی بے صبری ہے کیا؟"

"سخت مجبوری ہے، دیکھو میں بھی تو تیرے لئے کتنے کام کرتا ہوں"

"اچھا اب زیادہ احسان مت جتا۔ آج رات کوئی بندوبست کر دوں گی"

"پکا وعدہ؟" دونوں نے آپس میں ہاتھ ملائے۔

"پر مجھے ایک بات کا خطرہ ہے؟"

"کس بات کا؟"

"تو کہیں اس کو دیکھ کر — اس سے مل کر اور دیوانہ نہ ہو جائے کہ راتی کے دو چار دن خیریت سے نہ گزر سکیں۔"

"مسخری کرتی ہے آمنہ" زمان نے اس کی طرف ملامت بھری نظروں سے دیکھ کر کہا۔

"ارے ہاں، ایک اور بات کا مجھے خطرہ ہے" آمنہ نے تردد سے کہا۔

"کس بات کا؟"

"اس شادی میں کوئی نہ کوئی شرارت ضرور ہو گی؟"

"شرارت کیسی؟"

"بس اب تو خود سمجھ جانا، بچہ تو نہیں ہے، میں نے تو چھپ کر چاچا اور چاچی کی باتیں سنی ہیں۔" آمنہ کے والدین بچپن ہی سے مر گئے تھے اس لئے اب وہ زمان ہی کے گھر میں رہتی تھی۔ "اچھا اب جانے بھی دے مجھے عیشو سے جا کر بات کرنی ہے۔"

اور پھر عیشو کے تصور نے اسے دین و دنیا سے بے نیاز کر دیا اور وہ گھڑیاں گننے لگا کب سے وہ اسے ایک بار پھر دیکھ سکے گا۔

شام کو چشمے کے کنارے عیشو مٹکا بھر رہی تھی — جب آمنہ نے اسے اطلاع دی۔

"وہ خفا تو نہیں ہو جائے گی آمنہ؟" اس نے ڈرتے ڈرتے پوچھا۔

اور آمنہ نے ایک بڑا سا قہقہہ لگایا۔

"ذرا پوچھ کہیں خفا بھی ہو گئی تو کیا تو اسے منا بھی نہیں سکے گا؟"

زمان کو تھوڑی دیر کے لئے اپنے آپ پر بڑا غصہ آیا — کیسی نامعقول قسم کی بات اس نے پوچھی ہے نا؟

وہ تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا چشمے کی طرف چل دیا۔

آج بھی وہ مٹکا بھر کے کمر کے بل جھکی ہوئی زمین پر کچھ تلاش کر رہی تھی — زمان کچھ فاصلے پر ہی کھڑا ہو گیا۔ یہ کیا فاصلہ تھا کہ اس میں قربت کی تمام لذتیں تھیں۔ عائشہ ایک دم چونک کر کھڑی ہو گئی۔ پر اس نے مڑ کر پیچھے نہیں دیکھا، شاید وہ اس کی آواز کی منتظر تھی، مگر اب حجاب سے اسے آنکھیں چار کرنے کی جرأت نہیں ہو رہی تھی۔ وہ کافی دیر کھڑی پاؤں کے انگوٹھے سے زمین پر لکیریں بناتی رہی، پھر خاموشی سے مٹکا اٹھایا اور گھر کی طرف چل دی۔

"عیشو —" زمان دوڑ کر اگلی طرف سے اس کے سامنے آ گیا۔

"کس بات سے خفا ہو گئی ہو، میں نے تو ابھی کچھ کہا ہی نہیں؟"

"پھر کہتے کیوں نہیں؟" وہ کھلکھلا کر ہنسی۔ اور اس کے ہونٹوں کے پردوں سے اپنے سفید دانت نظر آنے لگے۔

وہ اس کا ہاتھ تھامے کافی دیر تک [illegible] اس کی پیشانی کو، اس کی آنکھوں کو، رخساروں کو، ہونٹوں کو، اس کے خوبصورت گڑھے کو جو ہنستے ہوئے اس کے رخسار کو نمایاں کر رہا تھا، اس کے سراپا کو، اس کی نازک سی کمر کو، اس کے گورے گورے پاؤں کو [illegible] [illegible]

[illegible] پانی کی طرف [illegible]

"اری تم ہی کام [illegible]"

"سچ کہتا ہوں عیشو [illegible] کہیں نہیں دیکھی۔"

"کیوں؟" عیشو نے حیرت سے آنکھیں پھاڑتے ہوئے کہا۔ "تو کیا تم بہت سی شہزادیاں دیکھ چکے ہو؟"

وہ دونوں ہاتھ تھامے درختوں کے جھنڈ میں جا کر بیٹھ گئے۔

"تمہاری ماں پانی کا انتظار کر رہی ہو گی؟"

"نہیں — آج گھر میں بہت پانی ہے۔"

"پھر تم یہ مٹکا بھرنے کیوں لائی تھیں؟"

"کسی بہانے سے تو گھر سے نکلنا تھا۔"

زمان نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔

تھوڑی ہی دیر بعد وہ اٹھ کھڑی ہوئی "رات پڑ جائے گی — ماں پوچھے گی کہاں تھی؟"

دونوں طرف سے دھوم دھام سے شادی کی تیاریاں ہو رہی تھیں۔ ایک ہفتہ پیشتر آمنہ اور سلطان کی شادی ہو گئی اور دوسرے ہفتے عیشو دلہن بن کر زمان کے گھر آ گئی۔ [illegible] گھڑی تھی جب عیشو دلہن بن کر آئی۔ زمان نے [illegible] سر پر شفقت سے ہاتھ رکھا۔ گھر کی فضا کچھ مکدر سی ہو گئی، اور زمان باہر بیٹھا پل گن گن کر کاٹنے لگا کہ جب وہ اپنی بیوی عیشو کے پاس جائے گا اور دل کی جی بھر کر باتیں اس سے کر سکے گا۔ رات کو ایک بجے کے قریب جب وہ ارمانوں کا ایک طوفان دل میں چھپائے عیشو کے کمرے کی طرف بڑھ رہا تھا — اس کی ماں سامنے آ گئی۔

"زمان — ٹھہر جاؤ — میری بات سن لو۔"

"جی اماں؟" وہ ٹھٹک گیا۔

"عائشہ کو ہم اس گھر میں بہو بنا کر نہیں لائے بلکہ ...؟"

"تو ... تو — کیا — کیا —" زمان کی زبان لڑکھڑانے لگی۔ وہ ابھی ان کے الفاظ کا مطلب بالکل نہیں سمجھا تھا۔

"تمہارے بابا نے ایک بہت پرانا بدلہ چکانے کے لئے عبدالرحمٰن کی لڑکی سے تمہاری شادی کی ہے۔"

"لیکن مجھے اس بدلے سے یا اس بات سے کیا سروکار، میری تو وہ اب بیوی ہے۔"

"ٹھہر جاؤ، تم ہماری مرضی کے بغیر ایک قدم بھی نہیں اٹھا سکتے، یہ شادی ہماری مرضی سے ہوئی ہے اور باقی سب کچھ بھی ہماری مرضی سے ہو گا۔"

"تمہیں شاید معلوم نہیں کہ تمہاری ایک پھوپی بھی تھیں [illegible] سال ہوئے — عبدالرحمٰن کے سوتیلے بھائی سے بیاہی گئی تھی جس نے صرف ایک رات اسے سسرال میں گزاری اور علی الصبح اسے اپنے گھر ہمیشہ کے لئے بھیج دیا گیا۔ پھر تمام عمر وہ بے چاری ہمارے ہاں رہی۔ کوئی اس طرف سے لینے نہ آیا۔ اس کی جوانی تباہ ہو گئی اور آخر خون تھوک تھوک کر وہ اس دنیا سے ایک دن چل بسی۔"

"لیکن آپ لوگ اتنا تو سوچیں کہ اس میں بے چاری عائشہ کا کیا قصور ہے، بلکہ گناہگار کا انتقام آپ ایک بے گناہ سے لے رہے ہیں، کچھ خدا کا خوف کیجئے۔" زمان نے آنکھوں میں آنسو بھر کر کہا۔

"بس ایسا ہوتا آیا ہے اور ایسا ہوتا رہے گا۔" زمان کی ماں نے خونخوار آنکھوں سے بیٹے کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ "ہمیں ان کے خاندان کے کسی فرد سے انتقام لینا ہے۔ تمہیں اپنی ماں اور باپ کی قسم ہے جو تم آج رات عائشہ کے کمرے میں جاؤ یا اس کے جسم کو ہاتھ لگاؤ۔"

"میں اسے بے حد پسند کرتا ہوں" زمان نے روتے ہوئے کہا۔

"سوال تمہاری پسند کا نہیں — سوال ہماری پسند کا ہے بیٹا۔ [illegible] بیاہ دی گئی [illegible] بالکل اسی طرح واپس [illegible] جس طرح کر کے آئے تھے، شادی ہوتے ہوئے بھی وہ کنواری رہے گی اور اس کے والدین کے لئے یہی دکھ کیا کم ہے؟"

علی الصبح عیشو کو اس کے گھر پہنچا دیا گیا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے [illegible]

[illegible] کیا کرے؟ وہ ماں کی [illegible] کے علاوہ اسے یہ صدمہ بھی تھا کہ وہ اس سلسلے میں عیشو سے بات بھی نہیں کر سکا، وہ کیا سوچتی ہو گی۔ [illegible]

ایک سال کا عرصہ اسی کشمکش میں گزر گیا۔ زمان کی حفاظت ایک قیدی کی مانند کی گئی۔ دونوں ایک دوسرے کو دیکھنے کے لئے بیتاب رہتے۔ ادھر عائشہ کے والدین بھی اب ضد میں آ گئے تھے اور وہ کسی صورت عائشہ کو تنہا نہیں چھوڑتے تھے کہ کہیں شوہر سے نہ مل بیٹھے۔

اس جہنم ایسی زندگی سے زمان تنگ آ گیا۔ کوئی راہ فرار نہیں سوجھ رہی تھی۔ پھر ایک دن اس نے فوج میں بھرتی ہونے کی ٹھان لی — اور اسے جلد ہی بلاوا بھی آ گیا۔

آمنہ کے خطوں سے گھر کے تمام حالات دور بیٹھے ہوئے زمان کو معلوم ہوتے رہتے۔ آمنہ یہ بھی لکھتی رہی کہ عیشو اب مسلسل بیمار رہنے لگی ہے۔ اس کو کھانسی آنے لگی ہے اور کھانسی میں کبھی کبھی خون بھی آتا ہے۔ اس کے والدین بڑے پریشان ہیں اور کہتے ہیں اگر زمان لوٹ آئے تو وہ عیشو کو ہاتھ جوڑ کر اس کے ساتھ روانہ کر دیں گے۔ مگر زمان کی ماں ابھی تک اپنی ضد پر اڑی ہوئی ہے۔ وہ کہتی ہے اگر زمان عیشو کو لے کر گھر آ گیا تو دونوں کو پستول سے اڑا دوں گی۔ اور وہ یہ بھی کہتی ہے کہ میں اس دن تک کے لئے زندہ ہوں جب عبدالرحمٰن کی جوان بیٹی کا جنازہ اس کے گھر سے نکلے گا۔ اس روز میں اپنے بیٹے کو دولہا بنا کر گھوڑے پر بٹھاؤں گی اور پھر گھر میں گھی کے چراغاں کروں گی۔

اور زمان چاہتے ہوئے بھی ایسے گھر میں لوٹ کر نہ جا سکا جہاں ایسی جابر ماں تھی اور ایسا سنگدل باپ۔

پھر اسی طرح وقت آگے کو سرکتا رہا۔ آمنہ کے خطوں سے اسے عیشو کی بیماری کی اطلاع ملتی رہی۔ پھر ایک بار عیشو نے آمنہ سے اسے لکھوایا کہ "میں اب تمہارا انتظار کر کے تھک گئی ہوں۔ خدا کے لئے تھوڑے دنوں کے لئے چلے آؤ۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ میں صرف ایک بار تمہیں دیکھنا چاہتی ہوں۔"

یہ خط پڑھ کر زمان رہ نہیں سکا، فوراً چھٹی لے کر آ گیا۔

علی الصبح اس نے آمنہ کو راز دار بنا کے عیشو کے گھر بھیجا — اور وہ پھر عیشو ڈاکٹر کو دکھانے کا بہانہ کر کے گھر سے نکلی تو چشمے پر اس نے زمان کو کھڑے پایا۔ وہ اب بھی اتنا ہی تنومند اور خوبصورت جوان تھا مگر اس کے چہرے پر شگفتگی کی جگہ کرختگی آ گئی تھی۔

اور یہ عیشو تھی — زمان کے ارمانوں کی حسین آماجگاہ — جو اب ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گئی تھی۔

زمان کتنی دیر تک اس کی طرف غور سے دیکھتا رہا۔ پھر اس کی آنکھوں میں بے شمار آنسو امڈ آئے کہ وہ ایک لفظ بھی نہ کہہ سکا۔ [illegible] انداز سے اپنے قدم آگے بڑھائے اور بھولی سی عیشو کو اپنے بازوؤں میں اٹھا لیا۔

پھر وہ اسے اٹھائے اٹھائے چلتا رہا — اونچے اونچے پہاڑوں پر سے، نشیب و فراز سے گزرتا ہوا — اور جب وہ ہانپنے لگا — تو عیشو نے پوچھا

"زمان، مجھے کہاں لئے جا رہے ہو؟"

"تمہیں جہاں بھی لے جاؤں، تم کو ایک نئی زندگی دوں گا — اس جرأت کا مظاہرہ مجھے بہت پہلے کر لینا چاہئے تھا — مگر اس وقت میں ایک فرمانبردار بیٹا تھا!"

صفائی

ننھا خالد دیوار پر الٹی سیدھی لکیریں کھینچ رہا تھا۔ میں نے غصے سے کہا۔

"خالد، دیواریں کیوں کالی کر رہے ہو؟"

"کالی — میرے پاس تو چاک ہے۔"

خالد نے معصومیت سے جواب دیا۔

لذتِ کام و دہن

ماش اور مونگ کی دال کے دہی بڑے

ایک پیالی بھر مونگ کی چھلکوں والی دال۔
چوتھائی پیالی بھر ماش کی چھلکا اتری ہوئی دال
ایک چھوٹا چمچہ ہینگ
گھی تلنے کے لئے
دہی حسب ضرورت۔

مونگ اور ماش کی دال کو صاف کر کے رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو چھلکے اتارنے کے بعد دونوں دالوں کو بغیر پانی کے سل پر باریک پیس لیں۔ پیسنے کے دوران بھی پانی نہ ڈالیں۔ ایک علیحدہ پیالی بھر پانی میں ہینگ ڈال کر رکھ لیں۔ اب ایک پیالے میں دال کو متواتر پندرہ بیس منٹ تک پھینٹیں۔ پھینٹنے کے دوران ہاتھ کو ہینگ والے پانی میں بار بار ڈال کر ہاتھ کو بھگوتی جائیں۔ مگر صرف ہاتھ گیلا کرنا ہے۔ پانی دال میں بالکل نہیں پڑنے لگا۔ جب دال پھول کر دگنی سے بھی زیادہ ہو جائے تو کڑھائی میں گھی یا تیل گرم کر لیں۔ اب ہینگ والے پانی میں انگلیوں کو ڈبو ڈبو کر دال کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں کڑھائی میں ڈالتی جائیں۔ آنچ ہلکی رکھیں۔ ہلکی بادامی ہونے پر اتار لیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر رکھ دیں۔

ایک دیگچی میں پانی گرم کریں اور تمام پھلکیاں اس میں ڈال دیں۔ جب چند منٹ میں پھلکیاں نرم پڑ جائیں تو ہلکے ہاتھ سے نچوڑ کر اتار لیں۔ زیادہ دبا کر نہ نچوڑیں ورنہ پھلکیاں ٹوٹ جائیں گی۔ اب دہی پھینٹ کر پھلکیاں اس میں ڈال دیں۔ اور مسالہ چھڑک کر کھائیں۔

ان پھلکیوں کو تلنے کے بعد دو تین دن تک بھی رکھا جا سکتا ہے۔ جب دہی بڑے بنانے کی خواہش ہو اس وقت پھلکیاں گرم پانی میں ڈالنی چاہئیں۔

شکریہ آپ کے سموسوں کا

کیسے نمکین کتنے اچھے تھے
خوب صورت تھے پیارے پیارے تھے
اک انوکھا سواد تھا اُن کا
دل نہ بھولے گا اب مزا اُن کا
کیا غضب کا مسالہ ڈالا تھا
خوب تل کے انہیں نکالا تھا
بھینی بھینی سی سوندھی سوندھی سی
کچھ عجب سی تھی اُن میں خوشبو بھی
موٹے تازے بڑے بکوڑے تھے
دیکھنے میں مگر سلونے تھے
جانے کس ہاتھ نے بنائے تھے
ایسے پہلے کبھی نہ کھائے تھے
جب زباں ان کو یاد کرتی ہے
عرض یہ بار بار کرتی ہے
شکریہ آپ کے سموسوں کا

امداد علی

FOR SALE
MUZAFFAR
449-4317
MORTGAGES

سلیم مظفر
ٹورانٹو میں
پہلے پاکستانی
رئیل اسٹیٹ بروکر

FOR SALE
MUZAFFAR
449-4317
MORTGAGES
APPRAISALS

رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں
کی خرید و فروخت اور MORTGAGES کی منظوری
کے لیئے ہر قسم کی مدد حاصل کرنے کا پتہ

19 NORTHDALE ROAD, WILLOWDALE, ONTARIO M2L 2L8

تربیلا بند ایک ارب روپے میں بیمہ شدہ ہے

نقصان کی صورت میں غیر ملکی بیمہ کمپنیاں مالی بار برداشت کریں گی

جھیل کا پانی پوری طرح خارج ہونے کے بعد ہی نقصان کا اندازہ لگایا جائے گا

غیر مسلم قادیانیوں کی اکثریت ربوہ چلی گئی

صدر امین روس کا دورہ کریں گے

عدلیہ اور انتظامیہ کو علیحدہ کرنے کے لیئے تجاویز مرتب کر لی گئیں

قانونی اصلاحات کمیٹی رپورٹ کا مسودہ تیار کر رہی ہے

ہائی کورٹ کے ججوں کی تعداد میں مزید اضافہ کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ بھٹو

قومی وحدت، آزادی اور خود مختاری کی ہر قیمت پر حفاظت کی جائے گی

پورے ملک میں یوم دفاع پاکستان جوش و خروش سے منایا گیا

مختلف تقریبات میں جنگ ستمبر کے شہداء کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا گیا

وزیر اعظم بھٹو

پاک افغان جھگڑے پر افغان حکام کو ایرانی وزیر خارجہ کی اہم ملاقات پر بیٹھک

دونوں ملکوں سے بار بار کہا گیا کہ باہمی تعلقات میں ایرانی وزیر خارجہ



رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین مولانا احتشام الحق تھانوی لاہور میں کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عید اور رمضان کا چاند دیکھنے کے لیے سائنسی آلات کا استعمال ختم کرنے کا فیصلہ

شریعت کے مطابق شہادتوں کی بنیاد پر چاند نظر آنے کا اعلان ہوا کریگا: رویت ہلال کمیٹی



حکومت تمام اضافی اخراجات برداشت کرنے کو تیار ہے

اورینٹل ڈشز

ORIENTAL DISHES
1234½ YONGE ST. AT SUMMERHILL SUBWAY
PHONE: 922-1004

ملک کو درپیش مختلف بحران خود حکومت کے پیدا کردہ ہیں: ولی خان

اپوزیشن محب وطن ہے اور ملکی مفادات کے تحفظ کا فرض ادا کرتی رہیگی

ملکی حالات سے عوام کو باخبر رکھنا حکومت کا فرض ہے

تن عبدالرزاق کی پارٹی کی زبردست کامیابی

وطن عزیز جاتے ہوئے

اگر آپ اپنے ساتھ ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ایئرکنڈیشنر، واشنگ مشین، ٹی۔ وی اور دوسرا برقی سامان پاکستان لے جانا چاہتے ہیں تو ہم آپ کی خدمت کیلئے تیار ہیں۔

NOW YOU DON'T HAVE TO WORRY
FOR YOUR SHIPMENT OF
220 VOLT 50 CYCLE APPLIANCES
SUCH AS;
REFRIGERATORS OF G.E.C.,
KELVINATOR, INDISET,
PHILCO ETC., AND
T.V.'S OF PHILLIPS, ETC
AIR CONDITIONERS,
WASHING MACHINES ETC
DIRECTLY FROM
EUROPE TO PAKISTAN.
WE HAVE MADE SPECIAL
ARRANGEMENTS FOR
DIRECT SHIPMENT AND DELIVERY
WITHIN 8 TO 10 WEEKS.
SO PAKISTANIS GOING HOME
HURRY UP WHILE THE STOCKS LAST



I. A. RASHEED & CO. LTD.
7535 CATALPA ROAD
MALTON (TORONTO), ONTARIO
CANADA

CONTACT: I. A. RASHEED

TEL: (416) 677-5777

مسلح افواج کو اپنے فرائض کا پورا احساس ہے

تینوں مسلح افواج کے سربراہوں کے پیغامات

وطن عزیز کی ہر قیمت پر حفاظت کی جائے گی

مشرقی پاکستان کی جلاوطن حکومت کے سربراہ مسٹر محمد عباس لندن میں ایک پروقار تقریب میں اپنی کابینہ کے ارکان سے حلف لے رہے ہیں۔

ہم مشرقی اور مغربی پاکستان کو متحد کئے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے!

ہماری حکومت پاکستان کی حکومت کے متوازی نہیں: مشرقی پاکستان کی جلاوطن حکومت کے سربراہ کا بیان

ایشیا کے استحکام کی خاطر پاکستان اور سری لنکا میں قریبی تعلقات ضروری ہیں: مسز بندرانائیکے

مسز بندرانائیکے پاکستان کی قابل احترام دوست ہیں: حفیظ پیرزادہ

بھارت کے نئے صدر فخرالدین علی احمد اور ان کی اہلیہ

حسن التہامی نے پاکستان اور افغانستان میں مصالحت کی کوششیں شروع کر دیں

عالم اسلام کو دو مسلمان ملکوں کے کشیدہ تعلقات پر سخت تشویش ہے: تہامی

پاکستانی قوم کے تاریخی فیصلہ کی تائید ربانی

حلال گوشت اور مرغیاں

خاص رعایت: پورا یا آدھا حلال بکرا خریدنے والوں کیلئے گوشت کی قیمت ایک ڈالر پچیس سینٹ فی پونڈ ہو گی۔

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.



MUST SELL, OWNER LEAVING TOWN

RANCH BUNGALOW

FRONTAGE 100 FEET, DEPTH 60 FEET
3 BED ROOMS
LIVING & DINING ROOM
FAMILY ROOM, RECREATION ROOM & DEN
CORNER PROPERTY
IN $69,500

یہ بنگلہ نہایت مناسب قیمت پر فروخت ہو رہا ہے۔
اس کے علاوہ دوسرے مکانات اور کمرشل و انڈسٹریل
جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے بھی ہم سے رابطہ قائم کیجئے

SOLD

H. Keith Limited · Realtor

5302 Dundas St. W. Islington, Ontario

Bus: 239-3581 Res: 676-9377

SOLD

SULTAN QURESHI

بھارت نے سرحد کو افغانستان کے حوالے کرنے کیلئے جارحانہ منصوبہ بنالیا

پنجاب پر ایٹم بم پھینکنے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے: شرومنی اکالی دل برطانیہ

لندن — (نمائندہ خصوصی) بھارت کے جنرل ... پاکستان کے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں بھارت کی طرف ...

"یادوں کی برات" بھارتی ادیبوں کی رائے

ہوس زر نے جوش سے کوک شاستر لکھوایا ہے: امرتسر کیلی ویژن

لاہور — (خصوصی رپورٹر) ...

بنگلہ دیش میں سیلابوں سے ہونے والی تباہی پر پاکستانیوں کو دکھ پہنچا ہے

امداد اگرچہ حقیر ہے تاہم پاکستان کی طرف سے برادرانہ جذبات کی حامل ہے

اسلام آباد (اپ پ) حکومت پاکستان نے اہل بنگلہ دیش کی امداد کے لئے فوری طور پر ... چاول اور ... بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت خارجہ کے ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ بنگلہ دیش میں حالیہ سیلاب سے جو صورت حال پیدا ہوئی ہے حکومت پاکستان اپنے محدود وسائل کے باوجود اس سلسلہ میں حکومت بنگلہ دیش کی مدد کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ بنگلہ دیش کے لئے ... چاول اور بیس لاکھ پونڈ سوت بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سیلاب کی تباہ کاریوں کے مقابلے میں یہ امداد اگرچہ بہت حقیر ہے تاہم یہ پاکستان کی طرف سے برادرانہ جذبات کا اظہار ہے۔

حسن التہامی کی طرف سے پاکستان اور افغانستان میں مفاہمت کرانے کی پیش کش

یعقوب لوگوان
پاکستان آئیں گے

اسلامی سیکرٹریٹ کے سیکرٹری جنرل وزیر اعظم بھٹو سے اہم بات چیت کیلئے اسلام آباد پہنچ گئے

صدر مارکوس مسلمان لیڈروں سے براہ راست بات چیت پر رضامند ہو گئے ہیں: سیکرٹری جنرل

کراچی۔ (اپ پ) اسلامی سیکرٹریٹ کے سیکرٹری جنرل مسٹر حسن التہامی نے بتایا ہے کہ فلپائن کے صدر مارکوس نے فلپائنی مسلمانوں کا ...

کرکٹ کی قومی ٹیم کو صدر مملکت کا خراج تحسین

راولپنڈی — (اپ پ) صدر فضل الٰہی چوہدری نے آج ...

انگلستان کے ٹیسٹ میچوں
میں پاکستانی ٹیم کو
ایمپائروں کی جانب سے
نقصان اٹھانا پڑا ...

لاہور — (اپ پ) مسٹر عبدالحفیظ کاردار صدر پاکستان کرکٹ کنٹرول بورڈ نے آج ایک پریس کانفرنس میں بتایا ...

لاہور اور راولپنڈی میں بھارت کے متعدد جاسوس گرفتار کر لیے گئے

بھارتی جاسوسوں کو راز مہیا کرنے والے سرکاری ملازمین کو بھی گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں سرگرم بھارتی انٹیلی جنس کے ایک منظم گروہ کا سراغ لگا کر اس کے متعدد ارکان کو گرفتار کر لیا گیا ہے ...

دنیا بنگلہ دیش کا وجود چاہتی
ہے یا نہیں، محبت کا تقاضا

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

Postal Code

PHONE #

صدائے پاکستان

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں
اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا
کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں
گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں
(بالِ جبریل)

قادیانی مسئلے کا حل

پاکستان کی قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کی پیش کردہ قرارداد سینیٹ اور قومی اسمبلی نے پاس کر دی ہے کہ جو آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا یا کسی ایسے دعویدار کو نبی یا مصلح ماننے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ علاوہ ازیں اقلیتوں سے متعلق آئین میں ترمیم کر دی گئی ہے کہ مرزائیوں (قادیانی یا لاہوری) کو ہندوؤں، سکھوں، عیسائیوں اور پارسیوں کی طرح غیر مسلم اقلیت شمار کیا جائے گا۔

نوّے سالہ غلامی کی یادگار قادیانی مسئلے کا حل تلاش کرنے کے لیے تحریک ختم نبوت میں تقریباً ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے جان و مال کی قربانیاں دیں اور طرح طرح کے مظالم سہے۔ آج وہ شہداء، علماء، طالب علم اور تاجر سب سرخرو ہیں کہ ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں گئیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور ہم سربسجود ہیں کہ پاکستان میں حاکم پارٹی سے لے کر حزب مخالف تک کو یہ توفیق ہوئی کہ انہوں نے متحد ہو کر ایک ایسے مسئلے کا حل تلاش کر لیا جو تقریباً ایک صدی سے ملت اسلامیہ پر داغ بنا ہوا تھا۔

ہم کینیڈا اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں بسنے والے مسلمانوں اور بالخصوص پاکستانیوں کی طرف سے وزیر اعظم پاکستان جناب ذوالفقار علی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے داخلی اور خارجی دباؤ اور سیاسی مصلحتوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے بڑی جرأت اور ہمت کے ساتھ اس نوّے سالہ مسئلے کو حل کیا۔

وطن عزیز میں یاد رہے کہ غیر قادیانی اپنی نئی حیثیت میں ہمارے نزدیک واجب احترام ہیں۔ ان پر حالیہ واقعات کا ردّ عمل فطری بات ہے۔ لہٰذا نظم و ضبط اور خوش اسلوبی کے ساتھ ہمارا اس آزمائش سے گزرنا بھی ضروری ہے۔

آپ کی شکایت

ہمیں اپنے قارئین کی طرف سے خطوط اور ٹیلی فون کے ذریعے اخبار دیر سے پہنچنے کی شکایات وصول ہوتی ہیں۔ ہم اس ضمن میں اپنی کوئی غلطی نہ ہونے کے باوجود پھر ایک بار معذرت خواہ ہیں۔

کینیڈین محکمۂ ڈاک اپنی نااہلی کے لیے مشہور ہے۔ بعض اوقات تو پہلے درجے کی ڈاک بھی کئی دنوں بلکہ ہفتوں غائب ہو جاتی ہے۔ اکثر اخبارات اور رسائل دوسرے اور تیسرے درجے کی ڈاک میں شمار ہوتے ہیں۔ لہٰذا قارئین تک ان کا جلد یا بدیر پہنچنا محکمۂ ڈاک والوں کے رحم و کرم پر منحصر ہوتا ہے۔

ہماری طرف سے اخبار اکثر مقررہ تاریخ سے ایک یا دو دن پہلے پوسٹ آفس کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ اگر اس کے پہنچنے میں ایک ہفتے سے زیادہ وقت لگ جائے تو آپ براہ کرم اپنے قریبی پوسٹ آفس سے رجوع فرمائیں۔ ہم بھی اپنے طور پر ان سے بہتر سروس کی درخواست کرتے رہتے ہیں اور کوشاں ہیں کہ جلد از جلد اس شکایت کا ازالہ ہو سکے۔

بعض قارئین چاہتے ہیں کہ اخبار پہلے درجے کی ڈاک کے ذریعے بھیجا کریں لیکن اخبار کی مالی حیثیت اس کی اجازت نہیں دیتی اور نہ موجودہ چندے کی شرح میں یہ ممکن ہے۔ اگر چندہ بڑھا دیں تو خریداروں کی تعداد میں کمی کا اندیشہ ہے۔ بعض خریدار اگر اضافی ڈاک خرچ کی ادائیگی پر تیار ہوں تو بھی جانچیں کہ اس تکلیف کا ہر ساتھی کینیڈین محکمۂ ڈاک ہمیشہ ہم سے انصاف کرتا رہے گا؟

ادارہ — ادریسی

روزے کی حقیقت

روزہ ہر بالغ، عاقل اور صحت مند مسلمان پر فرض ہے۔

خداوند تعالیٰ کا ارشاد ہے "اے ایمان لانے والو تم پر روزے فرض کر دیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے انبیاء کی امتوں پر فرض کیے گئے تھے۔ پھر فرمایا۔ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کے لیے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہیں۔ لہٰذا اب جو شخص اس مہینے کو پائے اس کو لازم ہے کہ اس پورے مہینے کے روزے رکھے۔" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بو خداوند تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا روزہ دار بندہ صرف میری خاطر اپنی شہوت اور اپنے کھانے اور پینے کو چھوڑتا ہے۔ پس جب وہ صرف میرے لئے روزہ رکھتا ہے تو میں خود ہی اسے اس کے روزے کی جزا دوں گا۔ میرے ہاں دوسری سب نیکیوں کا بدلہ دس سے لے کر سات سو تک دیا جاتا ہے چونکہ روزہ خالصتاً میرے لئے رکھا جاتا ہے لہٰذا اس کی جزا بھی میں خود ہی دوں گا۔" روزے کی اسی خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ تمام فرض عبادات میں صرف روزہ ہی ایک ایسی عبادت ہے جو سر تا سر پوشیدہ اور مخفی ہے جس کا ظاہر سے کوئی تعلق نہیں۔ جس میں غیر اللہ کا حصہ کوئی حصہ نہیں۔ روزہ ایک ایسی عبادت ہے کہ اگر کسی کے دل میں خداوند تعالیٰ کا خوف نہ ہو تو وہ بڑی آسانی کے ساتھ سب کچھ کھا پی کر بھی لوگوں کے سامنے روزہ دار اور متقی بنا رہ سکتا ہے۔ روزے کی حقیقت خدا کے سوا کوئی نہیں جان سکتا۔ چنانچہ حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا روزہ آدھی طریقت ہے۔ کیونکہ روزہ میں ریا اور نمائش کو دخل نہیں ہے۔ اخلاص کے بغیر آدمی روزہ رکھ ہی نہیں سکتا۔

روزے کا زمانہ

رویت ہلال رمضان سے رویت ہلال شوال تک پورے ایک مہینے کے روزے ہر عاقل و بالغ اور مقیم بالصحت مسلمان پر ہمیشہ فرض ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ روزے رکھنا شروع نہ کرو جب تک کہ رمضان کا چاند نظر نہ آ جائے اور روزے رکھنا بند نہ کرو جب تک کہ شوال کا چاند نظر نہ آ جائے۔ لیکن اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے صحیح صورت کا پتہ نہ چل سکے تو تیس کی گنتی پوری کرو۔ اگر رمضان کے چاند میں یہ صورت پیش آئے تو شعبان کے تیس دن پورے کر کے روزہ شروع کرو۔ اور اگر عید کے چاند میں یہ صورت واقع ہو تو تیس روزے پورے کر کے عید کرو۔

روزے کی شرطیں

روزے کے لئے نیت شرط ہے۔ روزے کی نیت قبل فجر کرنی چاہیے۔ حضرت ابن عمرؓ کے بارے میں روایت ہے کہ آپؐ فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص فجر سے پہلے روزے کی نیت نہ کرے اس کا روزہ نہیں ہے۔ روزے کی دوسری شرطیں پیٹ کو کھانے پینے سے، آنکھوں کو شہوانی نظاروں سے، کانوں کو غیبت اور فحش اور لغویات کے سننے سے

زبان کو جھوٹ اور فضول باتوں سے اور سارے بدن کو شریعت کی مخالفت اور نفس کی مخالفت سے باز رکھنا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ جب تم روزہ رکھو تو چاہیے کہ اپنے کانوں، اپنی آنکھوں، اپنی زبان اپنے ہاتھوں اور اپنے جسم کے تمام اعضاء کو اللہ تعالیٰ کی ناپسندیدہ باتوں اور اس کے منع کردہ کاموں سے باز رکھو۔ نیز آپؐ نے فرمایا — بہت سے روزہ دار ایسے ہوتے ہیں جن کے حصے روزہ سے بھوک اور پیاس سے مرنے کے سوا کچھ نہیں پڑتا۔

روزے کی حقیقت

روزے کی حقیقت اپنی خواہشات نفس کو روکنا۔ اور قابو میں رکھنا ہے۔ ساری طریقت اسی میں پوشیدہ ہے۔ اسی لئے حضرت جنیدؒ نے روزے کو نصف طریقت فرمایا۔
—(ماخوذ از کشف المحجوب)

مسائل سحری

سحری کھانا سنت ہے اور باعث برکت ہے۔ اگرچہ ایک لقمہ ہی کھائے۔ سحری میں تاخیر مستحب ہے۔ مگر اتنی نہیں کہ وقت میں شک ہو جائے۔

روزہ کی نیت

روزہ کی نیت بعد غروب آفتاب سے صبح کبریٰ سے پہلے کرے تو روزہ ہو گا۔ رات کو نیت کرے تو یوں کہے کہ میں نے نیت کی کہ کل اس رمضان کا فرض روزہ اللہ کے لئے رکھوں گا۔ اگر نیت دن میں کرے تو یوں کہے میں نے نیت کی کہ آج اس رمضان کا فرض روزہ اللہ کے لئے رکھوں گا۔ سحری کو نیت ہے جبکہ کھاتے وقت یہ ارادہ ہو کہ روزہ رکھوں گا۔

روزہ کے مکروہات

کسی چیز کا بلا عذر چکھنا، چبانا، یا کوئی چیز حلق سے نیچے نہ اترے۔ جھوٹ، چغلی، غیبت، گالی گلوچ، ناحق ایذا دینا۔ جماع۔ بہت سا تھوک جمع کر کے نگلنا۔ اور ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا، تمام امور مکروہات روزہ ہیں۔
روزہ رکھ کر بلا عذر شرعی توڑ دینا سخت

گناہ ہے۔ ہاں اگر ایسا بیمار ہو گیا کہ روزہ نہ توڑنے سے جان کا خطرہ ہو یا بیماری کے بڑھ جانے کا احتمال قوی ہو یا ایسی شدید پیاس لگی کہ مر جانے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں روزہ توڑ دینا جائز بلکہ واجب ہے۔ البتہ صحت ہو جانے پر قضا لازمی ہے۔

جب آدمی ایسا بیمار ہو کہ روزہ رکھنے سے جان جانے یا مرض کے بڑھنے یا دیر پا ہو جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ نہ رکھنا جائز ہے جب صحت ہو جائے قضا کر لے۔ ایسا بوڑھا کہ روز بروز کمزور ہو گا نہ اب روزہ رکھنے پر قادر ہے اور نہ بظاہر آئندہ قادر ہو سکے گا ہر روز کے بدلے فدیہ دے یعنی ایک مسکین کو کھانا کھلائے۔ یہ بوڑھا شخص جو فدیہ دیتا رہا پھر روزہ پر قادر ہو گیا تو فدیہ نفل ہوا۔ اور روزہ کی قضا لازم ہے۔ جو ایسا مریض یا بوڑھا ہو کہ گرمیوں میں روزہ نہ رکھ سکتا ہو تو اب افطار کرے۔ جاڑوں میں رکھ لے۔ حاملہ عورت یا دودھ پلانے والی کو جب انہیں اپنی ذات یا بچہ کا اندیشہ ہو تو روزہ نہ رکھنا جائز ہے لیکن قضا لازم ہے۔

روزہ کا فدیہ

ہر روزہ کے بدلہ ہر روز دونوں وقت مسکین کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانا یا صدقہ فطر کی مقدار مسکین کو دینا۔

روزہ کا کفارہ

باندی غلام کو آزاد کرنا اب چونکہ ایسی بات نہیں اس لیے مسلسل ساٹھ روزے رکھنا اس کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلانا۔

مسائل تراویح

بیس رکعت تراویح ہر غیر معذور مرد و عورت کے لیے سنت مؤکدہ ہے۔ مستورات گھر میں پڑھیں۔ مردوں کے لیے مسجد میں با جماعت پڑھنا سنت کفایہ ہے۔ نیت سنت تراویح کریں۔ تراویح کا وقت فرض عشاء کے بعد سے صبح صادق تک ہے۔ قبل وتر پڑھیں یا بعد وتر۔

افطار

افطار میں جلدی سنت و موجب برکت ہے غروب کا غالب گمان ہونے پر افطار کریں کھجور چھوہارے سے کریں یہ نہ ہو تو پانی سے ان تینوں سے سنت ہے۔

(اسلامی تقریبات از رشید محمود ذہری)

زر بصیرت — میاں محمد ارشد

اقوالِ حضرت عثمان غنیؓ

۱۔ اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا افضل ترین ایمان ہے۔
۲۔ اے انسان! اللہ تعالیٰ نے تجھے اپنے لیے پیدا کیا ہے اور تو دوسروں کا ہونا چاہتا ہے۔
۳۔ تعجب ہے اس پر جو اللہ تعالیٰ کو حق جانتا ہے، پھر غیروں کا ذکر کرتا اور ان پر بھروسہ رکھتا ہے۔
۴۔ اگر تو معبودِ حقیقی کی پرستش نہیں کرنا چاہتا تو اس کی بنائی ہوئی چیزوں کو بھی استعمال نہ کر
۵۔ اگر تو گناہ پر آمادہ ہے تو ایسی جگہ تلاش کر جہاں اللہ تعالیٰ نہ ہو۔
۶۔ تعجب ہے اس پر جو دوزخ کو حق جانتا ہے اور پھر گناہ کرتا ہے۔
۷۔ تعجب ہے اس پر جو جنت پر ایمان رکھتا ہے، پھر دنیا کے ساتھ آرام پکڑتا ہے۔
۸۔ جس نے دنیا کو جتنا پہچانا، اسی قدر اس سے بے رغبت ہوا۔
۹۔ دنیا ہر وہ کام ہے جس سے آخرت مقصود نہ ہو۔
ما حجبت دنیا الرضا غافل عن ربی (اللہ تعالیٰ سے غافل ہونا دنیا ہے)
۱۰۔ تعجب ہے اس پر جو شیطان کو دشمن جانتا ہے اور پھر اس کی اطاعت کرتا ہے
۱۱۔ اپنا بوجھ خلقت میں سے کسی پر نہ رکھ — نہ کم نہ زیادہ۔
۱۲۔ دوسروں کا بوجھ اٹھانا اللہ والوں کا خاصہ ہے۔
۱۳۔ عافیت کے دس میں سے نو حصے لوگوں سے الگ رہنے میں ہیں۔
۱۴۔ خاموشی غصہ کا بہترین علاج ہے۔
۱۵۔ زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے بہت زیادہ خطرناک ہے۔
۱۶۔ ظالموں سے معاملہ نہ رکھ۔
۱۷۔ ظالم کی تعریف سے غضب الٰہی نازل ہوتا ہے۔
۱۸۔ عیالدار کے اعمال مجاہدین کے اعمال کے ساتھ آسمان پر جاتے ہیں۔
۱۹۔ غریب کا ایک درہم صدقہ دولت مند کے لاکھ درہم صدقہ سے بہتر ہے۔
۲۰۔ ترغیب دلانے کے لیے علانیہ صدقہ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔
۲۱۔ اگر آنکھ بینا ہے، تو ہر دن روز حشر ہے
۲۲۔ جانور اپنے مالک کو پہچانتا ہے، مگر انسان اپنے خدا کو نہیں پہچانتا۔
۲۳۔ راضی برضا رہنا دنیا میں جنت پا لینا ہے
(مخزن اخلاق)

کانٹا نکل گیا

مژدہ ہو تجھ کو ختم نبوّت کے پاسدار
تیرا یقین عشق کے سانچے میں ڈھل گیا
جس کی کسک سے لرز رہا تھا ترا ضمیر!
خوش ہو کہ تیرے دل سے وہ کانٹا نکل گیا
— وقار انبالوی

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔
سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

جلد ۳ ۱۵ ستمبر ۱۹۷۴ء مطابق ۲۸ شعبان ۱۳۹۴ھ شمارہ ۱۳

اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا یقیناً باطل کو تو مٹنا ہی ہے

قومی اسمبلی اور سینیٹ نے اتفاق رائے سے آئین میں دوسری ترمیم کی منظوری دیدی

ہندوؤں، سکھوں، بدھوں، عیسائیوں اور پارسیوں کی طرح احمدیوں کے دونوں گروپوں کو بھی غیر مسلم اقلیت شمار کیا جائے گا

دفعہ ۱۰۶، ۲۶۰ اور ۲۹۵ میں اہم ترامیم

قادیانیوں کے دونوں گروپوں کو آئندہ انتخابی فہرستوں یا رجسٹریشن میں غیر مسلم لکھا جائیگا

کوئی شخص ختم نبوت کے عقیدے کے خلاف پرچار نہیں کر سکے گا: خلاف ورزی قابل تعزیر جرم ہوگی

اسلام آباد ۷ ستمبر (مانیٹرنگ) اسلامی جمہوریہ پاکستان کی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے آج ایک تاریخی بل اتفاق رائے سے منظور کر لیا جس کے تحت پاکستان میں قادیانیوں اور احمدیوں کے دونوں گروپوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے ترمیمی بل اتفاق رائے سے اور بغیر کسی بحث کے منظور کیا۔ بل کے تحت آئین کی دفعات ۱۰۶ اور ۲۶۰ میں ترمیم کی گئی ہے [illegible]



قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کی خوشی میں گھر گھر چراغاں کیا گیا

ملت اسلامیہ ہی نہیں اسلام بھی وزیراعظم کا شکر گزار ہے: شورش کاشمیری

لاہور ــــــ (سٹاف رپورٹر) آغا شورش کاشمیری نے قادیانیوں کے مسئلے کا سواد اعظم کی خواہشات کے مطابق فیصلہ کرنے پر ارکان قومی اسمبلی اور وزیراعظم بھٹو کو مبارک باد دی ہے۔ اور کہا ہے کہ اس عظیم کارنامے پر پوری ملت اسلامیان کی شکر گزار ہے اور میں وجدانی طور پر محسوس کرتا ہوں کہ خود اسلام بھی وزیراعظم بھٹو کا شکر گزار ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میں گزشتہ دو مہینے سے بستر علالت پر دراز ہوں لیکن آج کی اس عظیم خبر نے میری بیماری کو کم از کم نصف کر دیا ہے۔

عالمہ مطاہروں اور ہنگاموں کے دوران گرفتار کئے جانیوالوں کو رہا کر دیا جائیگا: وزیراعظم

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) وزیراعظم بھٹو نے آج قومی اسمبلی میں آئینی ترمیم کے بل پر تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ قادیانیوں کا [illegible]

قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینا اسلامی تاریخ کا اہم فیصلہ ہے: مرکزی مجلس عمل

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ قادیانیوں کا مسئلہ حل ہو گیا

دستوری تقاضے پورے کرنے کے بعد اب عملی اقدامات بھی کیے جائیں: مولانا مودودی

لاہور (چیف رپورٹر) بانی جماعت اسلامی مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی نے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے پر خدا کا شکر ادا کیا ہے۔ [illegible]

کینیڈا پاکستان کو پچاس لاکھ ڈالر کا بلا سود قرضہ دے گا

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) یہاں کینیڈا اور پاکستان کے درمیان ایک سمجھوتے پر دستخط ہوئے جس کے تحت کینیڈا پاکستان کو [illegible]

پاکستان کے سونے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی

کراچی ــــــ (پ ر) پاکستان کے سونے اور زرمبادلہ کے ذخائر [illegible]